SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
October 25, 2024

ایس ای سی پی نے انشورنس انڈسٹری کے 2023 کے اعداد و شمار جاری کر دیے۔

اسلام آباد، 25 اکتوبر 2024: ایس ای سی پی نے 2023 کے لیئے انشورنس انڈسٹری کے لیے اعداد و شمار جاری کر دیئے۔ یہ اعداد و شمار انشورنس انڈسٹری کی کارکردگی کا جامع تناظر پیش کرتے ہیں اور اسٹیک ہولڈرز کو باخبر رکھنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ اس کے علاوہ یہ اعداد و شمار وقت کے ساتھ کارکردگی کے معیار کا تعین کرنے کے لیئے موثر پیمائش کے ایک ٹول کے طور پر کام کریں گی۔

رپورٹ کے مطابق، لائف انشورنس کل انڈسٹری کا 64% پریمیم کا وصول کرتا ہے۔ 2023 میں اس انڈسٹری کے اثاثے 2421 ارب سے بڑھ کر 2900 ارب ہو گئے۔ پریمیم کی مد میں 631 ارب اکٹھے کیے گئے جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 14% کا اضافہ ہے۔ سال 2023 میں ادا کیئے جانے والے کلیمز کی رقم 373 ارب تھی جو کہ 2022 میں 276 ارب تھی۔ اس رقم میں لائف انشورنس کا حصہ 289 ارب ہے۔

کمشنر انشورنس، عامر خان نے اپنے پیغام میں انشورنس سیکٹر کو در پیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے کیئے گئے اہم اقدامات پر روشنی ڈالی۔ ان میں بیمہ کنندگان کی جانب سے 5 سالہ اسٹریجک پلان کو اپنانا، قانونی اصلاحات کے نفاذ میں وفاقی حکومت کی معاونت، صوبائی سطح پر لازمی اور ضروری انشورس سکیموں کا اجراء اور ایس ای سی پی کی جانب سے ریگولیٹری منظوری کو آسان بنانا شامل ہیں۔

پچھلے دو سالوں کی طرح 2023 کے لیے انشورنس انڈسٹری کے اعداد و شمار انشورنس کمپنیوں کے جمع کرائے گئے ڈیٹا پر مبنی ہیں۔

رپورٹ درج ذیل لنک سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

https://www.secp.gov.pk/document/report-on-insurance-industry-statistics-2023/?wpdmdl=54370&refresh=671b41f3e9c701729839603

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005